# 13-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے یہ واضح کیا ہے کہ اس ماہ کی 26 تاریخ سے نافذ کی جانے والی اسکیمات کے استفادہ کنندگان کا فیصلہ گرام سبھاؤں کے ذریعہ ہی کیا جائے گا۔

۲۔ ریاست بھر میں سنکرانتی کا تہوار پورے جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

۳۔ حیدرآباد پولیس نے ممنوعہ چینی مانجہ کی تیاری میں ملوث 148 افراد کو گرفتار کرتے ہوئے 100 سے زائد مقدمات درج کر لئے۔

اور

۴۔ ریاست بھر میں آئندہ تین دن کے دوران موسم خشک رہے گا۔ بعض اضلاع میں صبح کے اوقات میں کہر چھایا رہے گا۔

❍❍

ریاست بھر میں آج سے روایتی انداز میں سنکرانتی تقاریب کا آغاز ہوا۔ تین روزہ تقاریب کا آج صبح بھوگی کے ساتھ آغاز ہوا جیسا کہ مواضعات اور شہروں میں عوام نے بون فائر کے ساتھ دن کی شروعات کی۔ مرد، خواتین اور بچے بون فائر کے اطراف کھیلتے اور ناچتے نظر آئے۔ اِس موقع پر مندروں میں خصوصی پوجا کے بھکت جمع ہوئے۔ وزراء، ایم پیز، لیجسلیچرس اور تمام سیاسی پارٹیوں کے لیڈرس نے ریاست کے مختلف مقامات پر منعقدہ پروگراموں میں حصہ لیا۔ سابق نائب صدر وینکیا نائیڈو نے حیدرآباد کے حدود میں واقع میدی پلی کے مقام پر افرادِ خاندان کے ساتھ بھوگی تقریب میں شرکت کی۔ نائیڈو نے اس موقع پر عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے اِس امید کا اظہار کیا کہ اس تہوار سے عوام کی زندگی میں خوشی اور خوشحالی آئے گی۔ حیدرآباد کی مختلف رہائشی کالونیوں اور ریاست بھر کے مواضعات میں فیسٹول کا ماحول پایا جاتا ہے۔ ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے بھوگی اور سنکرانتی کے موقع پر عوام کو گرمجوشانہ مبارکباد دی۔ انہوں نے ایک پیام میں کہا کہ یہ فیسٹولس خوشی کی علامت ہیں۔ گورنر نے مزید کہا کہ یہ فیسٹولس ہماری تہذیبی ثقافت میں زبردست معنی رکھتے ہیں اور انہیں بھرپور جوش وخروش سے منایا جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بھی اس موقع پر عوام کو مبارکباد دی اور اس یقین کا اظہار کیا کہ عوامی حکمرانی کے ذریعہ ہر گھر میں خوشحالی آئے گی۔ سی ایم نے کہا کہ اِس تہوار سے تقریباً ایک کروڑ کسانوں، غریبوں اور زرعی مزدوروں کے خاندانوں میں نیا اجالا ہوگا۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے لیڈرس کے علاوہ وزرا اور عوامی نمائندوں نے بھی عوام کو مبارکباد دی۔

❍❍

کریم نگر کلکٹریٹ میں کل ایک سرکاری میٹنگ کے دوران پُرتشدد رویہ اپنانے پر بی آر ایس کے لیجسلیچر کوشک ریڈی کے خلاف تین مقدمات دائر کئے گئے ہیں۔ مذکورہ میٹنگ، ضلع میں بنیادی سہولتوں اور ترقیاتی کاموں پر تبادلہ خیال کے لئے منعقد کی گئی تھی، جس میں اُس وقت کشیدگی پھیل گئی جب کوشک ریڈی اور کانگریس کے لیجسلیچر سنجے کمار کے درمیان تکرار ہوئی۔ اِس واقعہ کے بعد ایم ایل اے کے خلاف تین علیحدہ شکایتیں درج کروائی گئیں۔ اِن شکایتوں کی بنیاد پر پولیس نے مختلف دفعات بشمول عوامی مفادات کو نقصان پہنچانے کے معاملات کے تحت کوشک ریڈی کے خلاف مذکورہ کیسس درج کر لئے۔

○○

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے آج یہ واضح کیا ہے کہ اِس ماہ کی 26 تاریخ سے نافذ کی جانے والی چار اسکیمات کے تحت تمام استفادہ کنندگان کا فیصلہ صرف گرام سبھاؤں میں ہی ہوگا۔ کھمم اور کوتہ گوڑم کے عوامی نمائندوں اور عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وکرامارکا نے کہا کہ رعیتو بھروسہ، اندراماں، آتمیہ بھروسہ، اندراماں مکانات اور نئے راشن کارڈس کے لئے تقریباً 45 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ نائب وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ استفادہ کنندگان کی فہرست کو انچارج وزیر کی جانب سے منظوری دی جانی چاہئے۔ انہوں نے اندراماں کمیٹیوں سے بھی یہ کہا کہ اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ان اسکیمات پر قواعد کے مطابق عمل ہورہا ہے یا نہیں۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ زرعی قرض جات معاف کرنے کی اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کے ناموں کو چسپاں کئے جائیں۔

○○

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی کل سے ریاض، سعودی عرب کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ اس دوران وہ فیوچر منرلس فورم 2025ء کی وزارتی گول میز کانفرنس میں شرکت کریں گے جسے سعودی عرب کی جانب سے منعقد کیا جائے گا۔ اِس کانفرنس میں منرل سپلائی چین اور توانائی کی منتقلی جیسے موضوعات پر توجہ دی جائے گی۔ کانفرنس کے دوران کشن ریڈی دیگر ممالک سے تعلق رکھنے والے کانوں کے وزرا سے بھی ملاقات کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ ریاض میں ہندوستانی شہریوں سے بھی ملاقات کریں گے۔

○○

پروفیسر انجل پرکاش، کلینکل اسوسی ایٹ پروفیسر و ریسرچ ڈائرکٹر بھارتی انسٹیٹیوٹ آف پبلک پالیسی، انڈین اسکول آف بزنس کو ماحولیاتی تبدیلی اور شہروں کے تعلق سے خصوصی باوقار رپورٹ کے لئے سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ یہ اسپیشل رپورٹ، اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی کے ساتویں دور کا ایک حصہ ہوگی۔ آئی ایس بی نے ایک ریلیز میں کہا کہ پروفیسر انجل، 150 گروپ کے چار ہندوستانیوں میں شامل ہیں۔ انہوں نے 34 سے زائد ریسرچ پیپرس شائع کئے ہیں جبکہ 9 کتابوں کو مشترکہ طور پر اڈیٹنگ کرنے کے علاوہ 29 بک چاپٹرس بھی تحریر کئے ہیں۔

○○

پریڈ گراؤنڈ سکندرآباد پر بین الاقوامی پتنگ بازی اور سوئٹ فیسٹول کے پیش نظر اِس مقام کے آس پاس چہارشنبہ تک ٹریفک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔ یہ پابندیاں ضرورت کے مطابق لگائی گئی ہیں۔ بیگم پیٹ۔ سکندرآباد سڑک اور پریڈ گراؤنڈ کے آس پاس سڑکوں پر ٹریفک کے مسئلہ کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ ٹیولی اور کراس روڈس کے درمیان سڑک بند کردی جائے گی۔ عوام کے لئے پریڈ گراؤنڈ کے گیٹ نمبر ایک اور ایسٹ گیٹ سے داخلہ کی اجازت رہے گی۔ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن اور جوبلی بس اسٹیشن جانے والے افراد سے گھر سے قبل از وقت نکلنے کے لئے کہا گیا ہے۔

○○

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے کہا ہے کہ ریاست کے مختلف مقامات پر آئندہ تین دن کے دوران موسم خشک رہے گا۔ عہدیداروں نے بتایا کہ بعض اضلاع میں کہیں کہیں خاص طور پر صبح کے ابتدائی اوقات میں آئندہ تین دن کے دوران کہر اور دھندلا چھایا رہے گا۔ اس دوران اقل ترین درجہ حرارت معمول کے مطابق رہنے کی توقع ہے۔

OO

ٹرانسپورٹ کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی جانب سے جلد ہی حیدرآباد سے ویملواڑہ اور دھرماپوری کے لئے اے سی بسیں چلائی جائیں گی۔ ضلع راجنا سرسلہ میں آج ویملواڑہ کے مقام پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ویملواڑہ اور دھرماپوری کے بس اسٹیشنوں کی ترقی پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

OO

پنچایت راج کی ریاستی وزیر انا سویا سیتا اکا نے آج ضلع آصف آباد کے جوڑ گھاٹ علاقہ میں چار کروڑ 96 لاکھ روپے کی لاگت سے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ حکومت، جوڑ گھاٹ کی ترقی کے لئے پرعزم ہے۔ بعد ازاں سیتا اکا نے کیرامیری منڈل میں واقع جنگو بھائی ٹمپل میں منعقدہ جاترا میں شرکت کی۔ اس سے پہلے انہوں نے جنکاپور موضع میں بالا سدھن اور وانکیڑی میں کے جی بی وی جونیر کالج کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس کے علاوہ انہوں نے جنکاپور میں ماڈل آنگن واڑی سنٹر کا افتتاح بھی کیا۔

OO

وزرا سرینواس ریڈی، ناگیشور راؤ، اتم کمار ریڈی اور کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے بھی اس میٹنگ میں شرکت کی۔ اسی دوران نائب وزیر اعلیٰ نے ضلع میں منچوکونڈہ لفٹ اریگیشن پراجکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کھمم میں صنعتی پارک کے قیام کے لئے کوشش کی جائے گی۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ اضلاع کی تنظیم جدید کے بعد ضلع زراعت پر منحصر ہوگیا ہے، انہوں نے کہا کہ صنعتی پارک سے مقامی نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔

OO

حیدرآباد پولیس نے ممنوعہ چینی مانجہ کی غیر قانونی تجارت میں ملوث 148 افراد کو گرفتار کرتے ہوئے 107 کیس بک کرلئے۔ پولیس نے 7 ہزار 300 سے زائد چینی مانجہ کے بنڈلوں کو ضبط کرلیا جن کی مالیت 90 لاکھ روپے سے زیادہ ہے۔ ایڈیشنل ڈی سی پی ٹاسک فورس سرینواس راؤ نے ایک میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ پچھے تین ماہ کے دوران کئے گئے احتیاطی اقدامات کی بنا پر اس مرتبہ ناخوشگوار واقعات تقریباً نہ کے برابر رہے۔

OO

حیدرآباد میں واقع ایل آئی سی کے زونل آفس نے آج وویکانند ہیلتھ سنٹر کو طبی آلات حوالہ کئے۔ یہ سنٹر رام کرشنا مشن کی جانب سے چلایا جاتا ہے۔ ایل آئی سی کے زونل منیجر پونت کمار نے چیرمین سوامی بدھا میندھا اور ہاسپٹل انچارج پورن چیتنیا کو بائیوکیمیکل جانچ کی مشین حوالے کی۔ اس موقع پر پونت کمار نے کہا کہ اپنی گولڈن جوبلی تقاریب کے پیش نظر ایل آئی سی کی جانب سے مختلف اداروں کی مدد کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایل آئی سی میں تلنگانہ، آندھرا پردیش اور کرناٹک میں واقع 23 اداروں کو 8.5 کروڑ روپے کا عطیہ بھی دیا۔

OO

ناگر کرنول کے سابق رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر جگنا تھم کو حیدرآباد میں واقع دودھی گھاٹ شمشان واٹیکا سعید آباد میں پولیس اعزازات کے ساتھ سپرد آگ کیا گیا۔ وزرا کرشنا راؤ اور پونم پربھاکر بھی آخری دیدار کرنے والوں میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ مختلف پارٹیوں کے کئی نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے۔